روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 8 نومبر 2008ء 9 ذیقعد 1429 ہجری 8 نبوت 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 256

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

میں ابھی جماعت میں بزدلی کو دیکھتا ہوں اور جب تک یہ بزدلی دور نہ ہو۔ اور عبداللطیف کا سا ایمان پیدا نہ ہو۔ یقیناً یادرکھو کہ وہ اس سلسلہ میں داخل نہیں ہے (۔) مومنوں میں وہ اس وقت داخل ہوں گے جب وہ اپنی نسبت یہ یقین کر لیں گے کہ ہم مردے ہیں۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین جب دشمنوں کے مقابلہ پر جاتے تھے وہ ایسے معلوم ہوتے تھے کہ گویا گھوڑوں پر مردے سوار ہیں اور وہ سمجھتے تھے کہ اب ہم کو موت ہی اس میدان سے الگ کرے گی۔

اللہ تعالیٰ لاف وگزاف کو پسند نہیں کرتا وہ دل کی اندرونی حالت کو دیکھتا ہے کہ اس میں ایمان کا کیا رنگ ہے۔ جب ایمان قوی ہو تو استقامت اور استقلال پیدا ہوتا ہے اور پھر انسان اپنی جان و مال کو ہرگز اس ایمان کے مقابلہ میں عزیز نہیں رکھ سکتا اور استقامت ایسی چیز ہے کہ اس کے بغیر کوئی عمل قبول نہیں ہوتا، لیکن جب استقامت ہوتی ہے تو پھر انعامات الٰہیہ کا دروازہ کھلتا ہے۔ دعائیں بھی قبول ہوتی ہیں مکالمات الٰہیہ کا شرف بھی دیا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ استقامت والے سے خوارق کا صدور ہونے لگتا ہے۔ ظاہری حالت اگر اپنی جگہ کوئی چیز ہوتی اور اس کی قدر و قیمت ہوتی تو ظاہرداری میں تو سب کے سب شریک ہیں۔ عام (لوگ) نمازوں میں ہمارے ساتھ شریک ہیں، لیکن خدا تعالیٰ کے نزدیک شرف اور بزرگی اندرونہ سے ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی لئے فرمایا ہے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کی فضیلت اور بزرگی ظاہری نماز اور اعمال سے نہیں ہے بلکہ اس کی فضیلت اور بزرگی اس چیز سے ہے جو اس کے دل میں ہے۔

حقیقت میں یہ بات بالکل صحیح ہے کہ شرف اور علو دل ہی کی بات سے مخصوص ہے۔ مثلاً ایک شخص کے دو خدمتگار ہوں اور ان میں سے ایک خدمتگار تو ایسا ہو جو ہر وقت حاضر رہے اور بڑی جانفشانی سے ہر ایک خدمت کے کرنے کو حاضر اور تیار ہے اور دوسرا ایسا ہے کہ کبھی کبھی آ جاتا ہے۔ ان دونوں میں بہت بڑا فرق ہے جو ہر ایک شخص سمجھ سکتا ہے۔ آقا بھی خوب جانتا ہے کہ یہ محض ایک مزدور ہے جو دن پورے ہو جانے پر تنخواہ لینے والا ہے اور اسی کے لئے کام کرتا ہے۔ اب صاف ظاہر ہے کہ اس کے نزدیک قدر و قیمت اور محبت اسی سے ہوگی جو محنت اور جانفشانی سے کام کرتا ہے نہ کہ اس مزدور سے۔

(ملفوظات جلد سوم ص 515)

مظلومیت کا پھل

ایک دفعہ ابوجہل نے آنحضرت ﷺ کو راستہ میں روک لیا۔ سخت بدزبانی کی اور جسمانی اذیت بھی پہنچائی۔ مگر رسول اللہؐ نے ہرگز کوئی جواب نہ دیا۔ ایک لونڈی یہ سارا منظر دیکھ رہی تھی حضرت حمزہ (جو ابھی مشرک تھے) واپس آئے تو لونڈی نے انہیں سارا قصہ سنایا وہ غصہ سے بھر گئے۔ ابوجہل کے سر پر کمان دے ماری اور کہا میں بھی گواہی دیتا ہوں کہ محمدؐ خدا کے رسول ہیں۔ اگر ہمت ہے تو مجھے روک کر دکھاؤ

(اسد الغابہ جلد2 صفحہ 46)

یتیم کی کفالت اور ہمارا فرض

ایک یتیم نے ایک شخص پر ایک نخلستان کے متعلق دعویٰ کیا لیکن رسول اللہ ﷺ نے اس کے خلاف فیصلہ کیا تو وہ رو پڑا آپ کو اس پر رحم آ گیا اور مدعا علیہ سے فرمایا کہ اس کو یہ نخلستان دے ڈالو۔ خدا تم کو اس کے بدلے میں جنت میں نخلستان دے گا لیکن اس نے انکار کر دیا حضرت ابوالدحداح بھی موجود تھے انہوں نے اس سے کہا کہ تم میرے باغ کے عوض اپنے باغ کو بیچتے ہو؟ اس نے کہا ہاں! وہ رسول کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا کہ جو نخلستان آپ یتیم کیلئے مانگتے تھے اگر میں دے دوں تو اس کے عوض مجھے جنت میں نخلستان ملے گا؟ ارشاد ہوا ہاں!

(اسوہ صحابہ حصہ اول صفحہ 215)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:

"پھر اس لئے بھی وہ (یتیم) محبت اور حسن سلوک کے مستحق ہوتے ہیں کہ وہ اپنے والدین کے سایہ عاطفت سے بچپن میں ہی محروم ہو جاتے ہیں اور اس وجہ سے وہ قوم کی ایک قیمتی امانت ہوتے ہیں۔ اگر ان کی صحیح نگرانی کی جائے ان کی تعلیم و تربیت کا انتظام کیا جائے، ان کو آوارگی سے محفوظ رکھا جائے تو وہ قوم کا ایک مفید وجود بن جاتے ہیں" (تفسیر کبیر جلد 2 ص 7)

(مرسلہ: سیکرٹری کمیٹی کفالت یکصد یتامیٰ دارالضیافت ربوہ)

رپورٹ کارروائی یوم تحریک جدید

مجلس مشاورت کے فیصلہ کی تعمیل میں امراء اضلاع کو سال رواں کا دوسرا یوم تحریک جدید مورخہ 10/ اکتوبر 2008ء کو منانے اور کارروائی کی رپورٹ بھجوانے کی تحریک کی گئی تھی۔ آپ سے درخواست ہے کہ براہ مہربانی اجلاس یوم تحریک جدید کی رپورٹس جلد ارسال کر کے ممنون فرمائیں۔ اگر کسی وجہ سے کسی جگہ 10/ اکتوبر 2008ء کو یوم تحریک جدید نہیں منایا جا سکا تو جماعتی فیصلہ کے تحت اپنی سہولت اور حالات کے مطابق کسی بھی مناسب تاریخ کو اجلاس یوم تحریک جدید کر کے رپورٹ ارسال فرمائیں۔

(وکیل الدیوان تحریک جدید ربوہ)

مکرم فہیم احمد نیاز صاحب

فرانس میں خلافت جوبلی کے پروگرام

27 مئی 2008ء

خلافت احمدیہ کی دوسری مبارک صدی کا آغاز نماز تہجد سے ہوا دور ونزدیک سے احباب جماعت کی کثیر تعداد نے اس میں شرکت کی ۔احباب جماعت 26 مئی کی شام سے ہی بیت الذکر آنے شروع ہو گئے تھے جنہوں نے رات بیت الذکر میں بسر کی اور اپنا بیشتر وقت دعاؤں میں بسر کرنے کی توفیق پائی۔ اس موقعہ پر مرد وزن کی حاضری 150 سے متجاوز تھی۔ نماز فجر کے بعد درس قرآن مجید ہوا۔

صبح 8 بج کر تیس منٹ پر احباب کی خدمت میں ناشتہ پیش کیا گیا۔اس موقع پر صد سالہ خلافت جوبلی کی مناسبت سے مشن ہاؤس کو رنگ برنگی دیدہ زیب جھنڈیوں سے نہایت خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔اس کے علاوہ لائٹس بھی لگائی گئی تھیں۔جس سبیت مبارک اوراس کے نواح میں واقع دوسری جماعتی عمارات ایک دل کش منظر پیش کر رہی تھیں اس وسعت اور رونق کو دیکھ دیکھ کر ہر احمدی کا دل خدا تعالیٰ کی حمد سے لبریز تھا جس کا واضح اظہار ان کے چہروں کی رونق سے عیاں تھا۔

افتتاحی تقریب سے قبل ہی مشن ہاؤس کی رونق احباب جماعت کی آمد سے دوبالا ہو چکی تھی ۔احباب کی مسرت دیدنی تھی ہر چہرہ اس سعادت کے حاصل ہونے پر چمک رہا تھا ہر طرف ایک عید کا سا سماں تھا۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ اس بابرکت و پر مسرت موقع پر فرانس کی دور ونزدیک سے تمام جماعتوں کی نمائندگی ہوئی جن میں strasbourg,metz, epemay,valencienne نمایاں تھیں۔الحمد للہ

تقریباً دس بجے مکرم امیر صاحب فرانس نے لوائے احمدیت لہرایا اس موقع پر احباب جماعت نے نہایت جوش وخروش سے نعرے لگائے اور زیر لب درود شریف کے ورد سے فضا کو معطر کیا۔افتتاح کے وقت چھوٹے بچے ہاتھوں میں رنگ برنگی جھڈیاں لئے شامل ہوئے۔

جوبلی جلسہ کا پہلا سیشن تقریبا ساڑھے دس بجے مکرم امیر صاحب کی زیر صدارت شروع ہوا۔مکرم محمد سلیم صاحب نے تلاوت قرآن کریم کی فرنچ ترجمہ پیش کیا جبکہ عزیزم فہد محمود نے حضرت مسیح موعود کے مشہور قصیدہ

یا عین فیض اللہ والعرفان

سے چند اشعار بمع اردو ترجمہ خوش الحانی سے پڑھے۔قصیدہ کے بعد مکرم امیر صاحب نے حضور انور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کا پیغام پڑھ کر احباب کو سنایا۔

مکرم سعید ادوی صاحب صدر خدام الاحمدیہ نے خلافت کی اہمیت کے موضوع پر تقریر کی جب کہ نمائندہ انصار اللہ فرانس مکرم محمد ایوب صاحب نے خلافت اور ہماری ذمہ داریاں کے عنوان پر تقریر کی۔اس کے بعد مکرم حافظ احسان سکندر صاحب نے تقریر کی اور خلافت کی اہمیت کے بارے میں بتایا۔

تقریب تقسیم انعامات

گزشتہ ماہ مجلس انصار اللہ فرانس کے زیر اہتمام خلافت جوبلی سپورٹس کے نام سے کھیلوں کے مختلف مقابلے کروائے گئے تھے۔ان مقابلوں میں جیتنے والی ٹیموں میں (خدام، اطفال و انصار) میں انعامات مکرم مربی صاحب فرانس نے تقسیم کئے۔تقسیم انعامات کے بعد عزیزم نبیل مرزا نے خوش الحانی سے محمود کی آمین سے چند اشعار خوش الحانی سے سنائے۔ آخر میں امیر صاحب فرانس مکرم اشفاق ربانی صاحب نے مختصر خطاب فرمایا۔اس طرح تین بجے بعد دوپہر ہمارے اس جلسہ کا اختتام ہوا۔

شعبہ آڈیو وڈیو نے مردوں اور لجنہ کی طرف بڑی بڑی LCD سکرینوں کا انتظام کیا تھا جس سے دونوں طرف لندن سے Live نشریات دیکھنے میں سہولت رہی الحمد للہ۔

بالاخر وہ لمحہ آن پہنچا جس کا بے تابی سے ایک دنیا کو انتظار تھا۔ جماعت احمدیہ فرانس کے بڑے بچے اور مستورات سب بے تابی سے حضور انور کی جھلک دیکھنے کو ٹی وی سکرین پر نظریں جمائے بیٹھے تھے حضور انور کے پرنور چہرہ پر نگاہ پڑتے ہی احباب کے چہروں پر خوشی واطمینان کی ایک لہر دوڑ گئی ہر شخص ہمہ تن گوش ہو کر حضور کا خطاب سن رہا تھا جس کا ایک ایک لفظ روح کی گہرائیوں میں اترتا محسوس ہو رہا تھا۔حضور انور کے خطاب کے دوران لندن ،قادیان،ربوہ کے نعروں کے ساتھ فرانس کے احباب بھی نعروں سے اپنے جوش وخروش کا اظہار کرتے رہے۔

شعبہ رجسٹریشن کے مطابق 600 مرد وزن نے اس جلسہ میں شرکت کی ۔اس موقع پر ایک نمائش کا بھی اہتمام کیا گیا تھا جس میں تصاویر، کتب سلسلہ اور جوبلی کے حوالے سے سوونیئرز بھی رکھے گئے تھے اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہم تمام احباب جماعت کو حضور اقدس کے فرمان مبارک پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے ۔ اور ہماری جماعت میں ایک خاص تبدیلی فرمائے ۔ تقویٰ، طہارت، نیکی، پیار و محبت میں ہم سب پہلے سے بڑھ کر ترقی کریں۔ آمین

غزل

سکوتِ شب میں تمنائے چشمِ تر بولے
تو کیوں نہ روح و بدن کا وہ ہم سفر بولے

یہ جسم کیا، میری جاں بھی نثارِ جنبش لب
میں منتظر ہوں کہ کب صاحبِ امر بولے

لٹک رہا ہوں میں کب سے صدا کی سُولی پر
جو چُپ ہوا کبھی ناصح تو چارہ گر بولے

حریفِ صوت و صدا کو جنوں، کہ میں نہ رہوں
مجھے ہوس، سرِ مقتل مرا ہُنر بولے

فلک نے دے دی گواہی ہزار سال کے بعد
ادائے فرضِ امانت کو بحر و بر بولے

بچا کے رکھ لی ہے ہم نے تو آبروئے وفا
اگرچہ شہرِ ملامت میں شور و شر بولے

نہیں ہے شکوہٗ یاراں مگر یہ حسرت ہے
کوئی تو سنگ اٹھائے کوئی تبر بولے

ہے نطق و لب کی یہ بخیہ گری بھی لاحاصل
میں چپ ہوا تو گماں ہے کہ شہر بھر بولے

ڈاکٹر فضل الرحمٰن بشیرؔ

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم مولوی محمد صدیق صاحب امرتسری

وقف عارضی کے دس اہم فوائد و برکات

خلافت ثالثہ کے مبارک دور کی بابرکت تحریکات میں سے ایک تحریک وقف عارضی بھی ہے جس کی طرف احباب نے خاصی توجہ دی ہے اور خدا کے فضل وکرم سے اب تک اس تحریک پر عمل کی وجہ سے نہایت دوررس اور بابرکت نتائج برآمد ہو چکے ہیں۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے ایک خطبہ جمعہ میں تحریک وقف عارضی کی افادیت کی طرف جماعت کی توجہ مبذول فرما کر احباب کو تلقین فرمائی کہ اگر اللہ تعالیٰ توفیق دے تو سال میں ایک سے زیادہ مرتبہ بھی اپنے آپ کو وقف عارضی کے لئے پیش کرنا چاہئے کیونکہ ایسا کرنے سے نہ صرف انہیں جماعتی ضروریات پورا کرنے اور جماعت کی تعلیم وتربیت میں حصہ لے کر ثواب کے حصول کا موقع میسر آئے گا بلکہ اپنی ذاتی اصلاح کرنے اور متواتر استغفار اور ذکر الٰہی کرنے کے مواقع بھی مہیا ہوں گے۔

وقف کی عظیم برکات

وقف عارضی کی تحریک پر اگر ذرا غور کیا جائے تو اس کی افادیت اور عظیم برکات روز روشن کی طرح سامنے آجاتی ہیں۔ ذیل میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے خطبات کی روشنی میں اس تحریک کے چند مفید اور اہم پہلو احباب کے سامنے رکھ کر اپیل کی جاتی ہے کہ وہ اس طرف حسب توفیق خاص اور فوری توجہ دیں اور سال بھر میں جتنی مرتبہ بھی کچھ عرصہ کے لئے اپنے آپ کو فارغ کر سکیں، کر کے اس وقف کے لئے اپنے آپ کو پیش کریں اور جہاں تک ہو سکے دنیوی دھندوں اور کاموں کو حسب گنجائش پیچھے ڈال کر بھی وقف کریں اور ''میں دین کو دنیا پر مقدم رکھوں گا'' کا عملی نمونہ قائم کر کے ابدی برکات سے حصہ پائیں۔

پہلا فائدہ

وقف عارضی کا پہلا اور اہم ترین فائدہ یہ ہے کہ یہ تحریک جماعت میں ایک خاص روحانی بیداری اور دینی جوش پیدا کرنے اور احباب کو تعلیم وتربیت اور دینی تعلیم کے حصول کا شوق اور اس کی اہمیت کا احساس دلانے کی موجب ہے۔ چنانچہ خدا تعالیٰ کے فضل وکرم سے اس لحاظ سے اس تحریک کے نتائج نہایت ہی نمایاں اور خوشکن ہیں۔ تعلیم وتربیت کے کام میں تساہل یا سستی کرنے اور کمزوری دکھانے کا مطلب یہ ہے کہ جس مقصد اور جس غرض کے لئے اللہ تعالیٰ نے ہماری جماعت کا قیام فرمایا اسے پس پشت ڈال دیا جائے اور خدا نہ کرے کہ ہم سے کبھی ایسی خطرناک غلطی سرزد ہو۔ کیونکہ اس سے نہ صرف ہماری ترقی رک جانی لازم آتی ہے بلکہ خود ہمارے جماعتی وجود اور تنظیم کے بیکار ہو جانے کا خطرہ پیدا ہو جاتا ہے۔ پس احباب جماعت کا اپنے اوقات کی قربانی کر کے اس تحریک میں حصہ لینا جماعت کے ہر طبقہ کے لئے یکساں طور پر مفید ہے اور مخلصین اور کمزور خواندہ یا ناخواندہ چھوٹے اور بڑے امیر اور غریب سب مستفید ہوں گے بیدار رہیں گے اور اپنی ذمہ داریوں سے غافل نہیں ہوں گے۔

دوسرا فائدہ

دوسرا اہم فائدہ تحریک وقف عارضی کا یہ ہے کہ اس میں شامل ہونے والے واقفین احباب کو اپنی ذاتی کمزوریوں اور کوتاہیوں کی اصلاح کا موقع ملتا ہے۔ مثلاً جس شخص کو یہ علم ہوگا کہ بطور معلم وقف عارضی فلاں فلاں علاقہ میں پہنچ کر وہاں کے احمدیوں کو ان کی کمزوریوں، کوتاہیوں اور سستیوں کے ترک کرنے کی تلقین اور وعظ کرنے کا اہم کام اس کے سپرد کیا گیا ہے اور اس نے وہاں کے احمدی احباب کا مکمل جائزہ لے کر یہ دیکھنا ہے کہ کون کون ان میں سے نماز باجماعت بیت الذکر میں باقاعدہ آنے میں سست ہے۔ کون چندہ باقاعدہ ادا نہیں کرتا۔ کون جھوٹ یا کسی قسم کی بددیانتی یا بدخلقی کا مرتکب ہوتا ہے۔ کون تلاوت قرآن، تہجد اور دعائیں اور استغفار اور ذکر الٰہی کرنے کی طرف متوجہ نہیں ہے اور کون باوجود احمدی ہونے کے محض دنیا کا کیڑا بنا ہوا ہے اور اسے دینی امور سے کماحقہ دلچسپی نہیں ہے یا کم ہے اور کون خلیفۂ وقت کے فیوض اور برکات اور علوم روحانیہ لدنیہ سے بہرہ ور نہیں ہوتا اور خلافت سے ذاتی تعلق محبت رکھنے کی کوشش نہیں کرتا تو ایسے واقف وقف عارضی کو سب سے پہلے تو اپنا پوری طرح جائزہ لے کر اور اپنے اعمال اور کردار کا محاسبہ کر کے اس قسم کی تمام کمزوریوں کو اپنے آپ سے دور کرنے کی طرف توجہ ہوگی پس اس طرح سب سے پہلے وہ خود اپنی اصلاح کرے گا تا کہ وہ اپنے مخاطبین اور زیر تربیت وتعلیم احباب کے لئے ایک مثالی احمدی بن کر دکھا سکے اور اس کا ہر کام، ہر فعل اور ہر حرکت ان کے لئے نہایت اعلیٰ اور قابل تقلید نمونہ ہو، تا کہ اس طرح ایک تو اس کے وقف عارضی کا کوئی ٹھوس اور معقول نتیجہ برآمد ہو سکے اور اس سے کوئی روحانی فائدہ حاصل ہو سکے اور دوسرے اس لئے کہ اس حلقہ میں اس کے خلاف کوئی شخص تنقید یا نکتہ چینی کر کے اس کی مخلصانہ کوششوں کو ناکام نہ بنا سکے اور اسے اس لحاظ سے کہیں پر شرمندہ نہ ہونا پڑے۔

پس وقف عارضی کا ایک بہت فائدہ یہ ہے کہ اس میں شمولیت سے انسان کو اپنے نفس کا محاسبہ، اس کی اصلاح کا اور روحانیت میں ترقی کرنے کا ایسا اچھا موقع میسر آتا ہے کہ عام حالات میں ویسا موقع نہیں مل سکتا۔ پس وقف عارضی کا یہ ایک پہلو اس قدر افادیت اور برکت کا حامل ہے کہ اگر اس کے دیگر مفید پہلوؤں کا ذکر نہ بھی کیا جائے تو یہی پہلو ایک ہوش مند انسان کی تسلی اور اسے اس میں شمولیت پر آمادہ کرنے کے لئے بہت کافی ہے۔

تیسرا فائدہ

تیسرا اہم فائدہ تحریک وقف عارضی یہ ہے کہ اس پر کماحقہ عمل پیرا ہونے سے جماعت میں دینی تعلیم خصوصاً نماز اور قرآن کریم ناظرہ اور باترجمہ و باتفسیر پڑھنے اور پڑھانے کا خاص شوق وشغف نہ صرف پیدا ہوگا بلکہ دن بدن بڑھتا جائے گا اس کی ضرورت و اہمیت کا احساس اور خاص ولولہ جماعت کے دلوں میں زندہ ہوگا اور ظاہر ہے کہ جب جماعت کا ہر فرد حسب مراتب دینی امور سے واقف ہوا اور قرآن کریم کے ترجمہ ومعانی اور شریعت کے اوامر ونواہی سے آشنا ہو تو اس کے نتیجہ میں یقینی طور پر احباب میں ایمان کی پختگی اور نیکی اور تقویٰ میں زیادتی ہوگی اور دین کی خاطر قربانی کرنے کی روح ترقی کرے گی اور قرآن کریم کی تعلیم اور احکامات پر غور وفکر اور سوچ سمجھ کر عمل کرنے کی عادت پیدا ہوتی ہے۔

کون نہیں جانتا کہ دین ناخواندگی اور جہالت کا دشمن ہے اور قرآن کریم اور حدیث میں علم سیکھنے اور خصوصاً دینی امور سے واقفیت حاصل کرنا ہر مومن کے لئے ضروری دیا گیا ہے۔ جنگ بدر کے بعض قیدیوں سے روپیہ میں تاوان وصول کرنے کی بجائے صرف یہ شرط کی گئی تھی کہ وہ مدینہ کے نوجوانوں کو لکھنا پڑھنا سکھا دیں تو پھر وہ آزاد ہیں۔ چنانچہ ایسا کرنے کے بعد انہیں آزاد کر کے جانے کی اجازت دے دی گئی تھی۔ پس تحریک وقف عارضی جماعت میں قرآن کریم پڑھنے سمجھنے اور دیگر دینی علوم عام کرنے کا موجب اور حسب حالات مختلف جماعتوں میں تعلیم القرآن عام کرنے کا نہایت مؤثر نہایت مفید اور آسان اور ارزاں ذریعہ ہے وقف کرنے والے احباب کی اپنی دینی تعلیم ومعلومات اور ان کے اپنے قرآنی علم و معرفت کی زیادتی کا نہایت اچھا طریق ہے کیونکہ دوسروں کو تعلیم دینے سے بہرحال اپنی علمی قابلیت بڑھتی اور ترقی کرتی ہے اور ایک معلم کو خواہ وہ ابتدائی تعلیم دینے والا ہی کیوں نہ ہو بہرحال حسب ضرورت مطالعہ اور محنت کر کے دوسروں کو تعلیم دینے کے قابل بننا پڑتا ہے مثلاً اگر ایک معلم کو خود سورۃ فاتحہ کا ترجمہ صحیح طور پر نہیں آتا تو وہ دوسروں کو پڑھانے سے پہلے ضرور اپنے ترجمہ کی تصحیح کرے گا پس اس تحریک میں شمولیت سے جماعت کے ناخواندہ اور دین سے ناواقف بچوں جوانوں اور بڑوں کی تعلیم کا انتظام ہو جاتا ہے اور واقفین کے علم وتجربہ اور ایمان واخلاص اور تقویٰ میں بھی زیادتی ہوتی ہے نیز دنیا میں قرآن کریم کی تعلیم و اشاعت کا کام جو کہ ہماری جماعت کے قیام کا اصل مقصد ہے زیادہ تیزی اور کامیابی سے ہو سکے گا بلکہ خدا کے فضل وکرم سے ایک حد تک اب بھی اس تحریک کی بدولت ہو رہا ہے اور بعض جماعتوں میں نہایت خوشکن نتائج پیدا ہو رہے ہیں۔

چوتھا فائدہ

چوتھا فائدہ تحریک وقف عارضی کا طوعی طور پر خود اپنے ہاتھ سے اپنا مال اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کر کے ابدی ثواب وبرکات حاصل کرنا اور اپنے نفس کو اس کا عادی بنانا ہے کیونکہ اس میں شمولیت سے جماعتی مفاد اور دوسروں کی بہبودی کی خاطر محض للہ وفی اللہ اپنا مال خود خرچ کرنا پڑتا ہے بلکہ اس کے ساتھ ساتھ دین کو دنیا پر مقدم کرنے کا احساس اور تجربہ بھی ہوتا ہے کیونکہ جب انسان ایک واقف کے طور پر چند دنوں کے لئے دنیا سے منہ موڑ کر اور قطعی طور پر ہٹ کر اور اپنا ہر قسم کا کاروبار اور اہل وعیال اور دیگر سب ذاتی ذمہ داریاں چھوڑ چھاڑ کر محض دین کی خاطر امام وقت کے حکم سے جہاد کبیر یعنی قرآن کریم کی روحانی تلوار کے ساتھ دنیا میں جہاد کرنے کے لئے گھر سے نکل کھڑا ہوتا ہے تو گویا عملاً وہ اپنے نفس کو اس امر کے لئے تیار کرتا ہے کہ اگر کسی وقت خدا اور اس کے دین کے لئے مستقل طور پر اپنی ساری زندگی بھی وقف کرنی ضروری ہو جائے اور سب دنیوی کاروبار چھوڑنا پڑے تو وہ برضا ورغبت ایسا کر سکے اور اس موقع کے لئے اسے پہلے سے تجربہ اور ٹریننگ وغیرہ ہو جائے گویا مجاہدات کے اس میدان میں وہ خود اپنی مرضی سے طوعی طور پر محض حصول برکت وثواب کے لئے کودتا ہے اور سفر کی تمام مشقتیں اور سفر خرچ اور اپنے کھانے پینے کے اخراجات بھی اپنی جیب سے خود برداشت کرتا ہے بلکہ اپنا کھانا وغیرہ روزانہ تیار کرنے کا کام بھی وہ اپنے ہاتھ سے کرتا ہے اور ظاہر ہے کہ اس طرح ان شرائط کے ساتھ وقف نبھانا خواہ دو ہفتہ کے لئے ہی کیوں نہ ہو یقیناً ایک واقف کی آئندہ زندگی میں ایک عجیب روحانی انقلاب پیدا کر دیتا ہے بشرطیکہ وہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح کی طرف سے عائد کردہ تمام شرائط اور ہدایات پر وقف کے دوران پوری طرح عمل پیرا رہے۔

پانچواں فائدہ

پانچواں اہم فائدہ وقف عارضی کا یہ ہے کہ اس سے ایک واقف زندگی وقف کے چند دنوں یا چند ہفتوں کے اندر اپنے آپ کو خود اپنے ہاتھ سے کام کرنے کا عادی بنا لیتا ہے اور اس سلسلہ میں اسے اگر کوئی حجاب ہوتا ہے یا اس کے نفس میں اگر کوئی مادہ کبر اور اپنی بڑائی کا ہوتا ہے تو وہ بالکل بھسم ہو جاتا ہے اور اپنے اور دوسروں کے کام خود اپنے ہاتھ سے کر لینے سے اپنے آپ کو بالا سمجھنے کا خیال جو کسی قدر اس کے دل میں گھر کئے ہوئے ہوتا ہے وہ یکسر دور ہو جاتا ہے کیونکہ وہ خلوص نیت سے محض دوسروں کی خدمت اور سروس کے لئے گھر سے نکلتا ہے اور اپنا کھانا وغیرہ خود تیار کرنے کے علاوہ حتی الوسع دوسرے قابل امداد

اور محتاج انسانوں کی مدد اور خدمت کرنے کا کام بھی کرنا ہوتا ہے۔

اس کے علاوہ اس وقف کے دوران اسے مساوات اور امیر وغریب میں دینی لحاظ سے برابری اور باہمی اخوت و ہمدردی اور یکسانیت کا نہ صرف پورا پورا احساس ہو جاتا ہے بلکہ وہ اس کا عملی مظاہرہ کر کے دکھاتا ہے۔ چنانچہ اب تک بارہا ایسا ہو چکا ہے کہ ایسے مخیّر اور صاحب حیثیت مخلص اکابرین جماعت بھی وقف عارضی کے ماتحت بعض ملا کر دور دور کے زیر تربیت علاقوں اور جماعتوں میں کام کرنے کے لئے بھیجے گئے ہیں جو کہ اپنی حیثیت کے مطابق اپنے خرچ پر اپنے ساتھ اپنے نوکروں اور باورچیوں کو بھی اپنی خدمت کے لئے لے جاسکتے تھے۔ مگر وہ خدا کے پیارے خلیفہ اپنے محسن آقا کے ارشاد کے ماتحت خود اکیلے ہی گئے اور اپنا کھانا وغیرہ پکانے کا کام اور دیگر ذاتی امور بھی سب خود اپنے ہاتھوں سے ہی کرتے رہے اور نہایت مفید اور ٹھوس اصلاحی کام مختلف جماعتوں میں انجام دے کر نہایت کامیابی سے واپس لوٹے۔

چھٹا فائدہ

چھٹا فائدہ اس بابرکت تحریک کا یہ ہے کہ اس میں حصہ لینے والے احباب کو خلیفۂ وقت کی مقدس ہستی سے تعلق پیدا کرنے اور بڑھانے اور حضور کی خاص دعاؤں اور توجہ سے مستفید ہونے کے مواقع میسر آتے ہیں اور ایسے واقفین کئی دفعہ حضور پُر نور سے براہ راست ہدایات اور تربیت ونصائح حاصل کرتے اور خاص پدرانہ شفقت سے نوازے جاتے ہیں۔

ساتواں فائدہ

ساتواں فائدہ اس تحریک کا یہ ہے اس سے جماعتی بجٹ پر بوجھ ڈالے بغیر باتنخواہ مستقل مربیوں اور معلمین وقف جدید پر کام کی مزید ذمہ داری ڈالنے کے بغیر محض آنریری طور پر جماعت کی ایک اہم ذمہ داری اور ضرورت ایسے طور پر پوری ہو جاتی ہے کہ سلسلہ کا مال اور چندہ وغیرہ اس پر صرف کرنے کی بجائے دیگر ضرورتوں لئے بچ جاتا ہے۔ ظاہر ہے کہ سر دست جماعت کے پاس اتنی تعداد میں مربی اور معلم صاحبان موجود نہیں ہیں کہ وہ اکیلے ہی سب کام پوری طرح تسلی بخش طور پر انجام دے سکیں۔ پس تاوقتیکہ اللہ تعالیٰ جماعت کو اتنی مالی اور رجالی وسعت عطا فرمائے کہ ہزاروں کی تعداد میں باقاعدہ مربی اور معلم اور امام وغیرہ مقرر کئے جاسکیں سر دست اس کمی کا مؤثر اور مفید ترین علاج جماعت کے احباب کا آنریری طور پر اپنے آپ کو خدمت دین کے لئے پیش کرنا اور وقف عارضی میں شمولیت ہے۔ احباب جماعت کو چاہئے کہ اس تحریک میں جلد جلد حصہ لے کر ثواب دارین حاصل کریں اور اسے اپنے لئے غنیمت سمجھیں۔

اس کے علاوہ وقف عارضی ایک لحاظ سے جماعت کی مالی حالت کی بہتری کا بھی موجب ہے کیونکہ واقفین وقف عارضی کے فرائض میں یہ بھی داخل ہے کہ وہ جہاں جہاں مقرر کئے جائیں افراد جماعت اور خاص طور پر سست کاموں کو جماعتی کاموں اور دیگر مالی تحریکوں میں شمولیت اور اپنے وعدوں کی بروقت ادائیگی کے لئے مؤثر طور پر تاکید و تلقین کریں۔

آٹھواں فائدہ

آٹھواں فائدہ اس تحریک کا یہ ہے کہ اس میں شمولیت سے انسان کو اپنی بعض سابقہ خطاؤں اور کمزوریوں کے کفارے یا بدلے کے طور پر اللہ تعالیٰ کے حضور اپنی ایک ادنیٰ قربانی یعنی محض اس کی خاطر اس کی راہ میں جہاد بالقرآن کر کے اس کی عظیم صفت غفار کو جوش میں لانے اور اس کی رضا اور خوشنودی حاصل کرنے کا خاص موقع میسر آجاتا ہے۔ نیز صوفیاء اور اولیاء کی اصلاح کے مطابق انسان کو اپنی زندگی کا ایک حصہ بطور زکوٰۃ زندگی پیش کرنے کی توفیق ملتی ہے یعنی جس طرح ایک مرد مومن پر یہ واجب ہے کہ وہ اپنے اموال جائیداد مویشی۔ پیداوار۔ تجارت اور زیورات وغیرہ پر ایک مقررہ حصہ اس میں سے خدا کے حضور بطور زکوٰۃ پیش کر کے وہ اپنی جائیداد اور اموال و پیداوار وغیرہ کو پاک کرے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ عمر اور زندگی کو گناہوں سے پاک و مطہر کرنے اور مفید بنانے کے لئے اس کا کچھ نہ کچھ حصہ بطور زکوٰۃ اللہ تعالیٰ کے حضور پیش کرنا بھی ضروری ہے۔ کیونکہ اگر ایک انسان نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطاء کردہ ایک باصحت جسم کو اپنی عمر تمام سال اور تمام رات دن محض دنیا کمانے اور دنیا کی نعمتوں سے لطف اندوز ہونے میں ہی گزار دے اور کبھی بھی وہ خدا کے دین کی خاطر گھر سے دور کسی جہاد کے لئے نہ نکل سکا تو پھر اس کی زندگی میں اور ایک بے خدا دنیا دار انسان کی زندگی میں کوئی مابہ الامتیاز نہیں رہ جاتا۔ پس ہر مومن کا فرض ہے کہ اپنی زندگی میں کسی نہ کسی وقت ضرور عملی طور پر ایک مجاہد فی سبیل اللہ اور مہاجر فی سبیل اللہ بن کر ولیوں اور مجاہدین فی سبیل اللہ کی طرح تن تنہا گھر سے نکل کر دعوت الی اللہ اور خدمت خلق کرنے کا مزہ اور لذت سے بھی کبھی لطف اندوز ہو۔ اس طرح اسے اپنی جماعت کے باقاعدہ معلمین اور مربی صاحبان کے کام کی اہمیت کا اور ان کی مشکلات اور تکالیف و مشقات کا بھی احساس اور اندازہ ہوگا جو اس سلسلہ میں انہیں برداشت کرنی پڑتی اور وقتاً فوقتاً پیش آتی رہتی ہیں۔

نواں فائدہ

نواں فائدہ تحریک وقف عارضی کا یہ ہے کہ اس میں شمولیت کے نتیجہ میں جماعت کے افراد میں باہمی اخوت و محبت اور اتحاد و تعاون اور ہمدردی کا جذبہ ترقی کرتا ہے اور نفاق و افتراق، باہمی اختلافات و جھگڑے اور شکر رنجیاں وغیرہ دور ہوتی ہیں کیونکہ وقف عارضی کے ماتحت اپنے ایام وقف کرنے والے احباب کی ذمہ داریوں اور کاموں میں یہ بھی شامل ہے کہ وہ جہاں بھی کام کرنے کے لئے بھیجے جائیں جماعت کے افراد میں اتحاد۔ محبت و ہمدردی اور حقیقی اخوت پیدا کرنے کی کوشش کریں اور ''اگر کسی جگہ دو احمدی بھائیوں میں کوئی شکر رنجی یا ناراضگی ہو تو محبت و پیار اور حکمت سے اسے دور فرمائیں۔ پس یہ بھی ایک نہایت اہم فائدہ ہے وقف عارضی کی تحریک کا جو واقفین احباب کے زیر نظر رہنا چاہئے تا کہ جماعتیں باہمی اتحاد و اتفاق اور اخوت میں ترقی کرتی جائیں۔

دسواں فائدہ

دسواں اہم اور جماعتی فائدہ وقف عارضی کا یہ ہے کہ اس میں شامل ہونے والے مخلصین کے نمونہ و مجاہدات اور ان کی نیک مساعی اور بے لوث خدمات کو دیکھ کر غیر از جماعت لوگوں کا سنجیدہ طبقہ یقیناً احمدیت کے متعلق نیک اور اچھا اثر لیتا ہے اور ہماری جماعت کے متعلق جو مختلف قسم کی بدظنیاں یا غلط فہمیاں ان میں پھیلی ہوئی ہیں وہ دور ہوتی ہیں اور انہیں احمدیت کی تعلیم پر سنجیدگی سے غور کرنے کی طرف رغبت پیدا ہوتی ہے کیونکہ کسی انسان کا نیک عمل نیک نمونہ اور نیک نیتی سے دوسروں کی دینی تعلیم و تربیت اور اشاعت قرآن حکیم کی خاطر بلا کسی معاوضہ کے تکالیف و مشقات اور مشکلات برداشت کرنا اور خلق خدا کی بے لوث خدمت کرنا انصاف پسند لوگوں پر نیک اثر کے بغیر نہیں رہ سکتا۔

پس یہ دس اہم ترین اور خاص فوائد و برکات ہیں جو تحریک وقف عارضی میں شمولیت کے نتیجہ میں جماعتی اور انفرادی طور پر حاصل ہوتے ہیں جنہیں وضاحت اور تفصیل سے احباب کے سامنے پیش کر دیا گیا ہے۔

تلك عشرة كاملة۔

احباب جماعت سے امید کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پیارے آقا و امام حضرت خلیفۃ المسیح کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے آگے آئیں گے اور نہ صرف خود اس بابرکت تحریک میں شامل ہوں گے کہ دوسرے بھائیوں اور بہنوں کو بھی شمولیت کی تلقین کرتے رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی رضا کی راہوں پر چلنے اور دین کی خدمت کی توفیق عطا کرے۔ آمین

(الفضل 22، 24، 27 دسمبر 1967ء)

☆☆☆

(بقیہ صفحہ 6)

حرف آخر

ہم کسی بھی حیثیت سے شاہراہ زندگی پر رواں دواں ہوں۔ تاجر ہوں یا مزدور اور ملازم، مالک ہوں یا نوکر، خاوند، بیوی، باپ، ماں، پروفیسر، طالب علم، ڈاکٹر، صدر یا امیر، پیزا اور ہوٹل چلا رہے ہوں یا ٹیکسی، ہر حال میں قدرت کے اِس اصول کو مدّ نظر رکھتے ہوئے ہمیں پیداوار اور پیداواری صلاحیت میں توازن رکھنا ہوگا۔ انڈوں یعنی عزت و نیک نامی، شہرت، مال و دولت، عہدہ میں ترقی وغیرہ کے حصول کی کوششوں اور بطخ (پیداواری صلاحیت) یعنی خود اپنی صحت، گھریلو زندگی، بیوی بچوں کے حقوق کی ادائیگی اور اُن مناسب تعلیم و تربیت، عزیزوں رشتہ داروں کے حقوق کی ادائیگی، روزمرّہ کے معاملات اور خصوصاً کاروباری زندگی میں راست بازی، ایمانداری، ایفائے عہد، قولِ سدید، خالص اشیاء کی پیداوار، خوش خلقی، وغیرہ میں توازن سے ہم مستقلاً فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔

انڈوں یعنی پیداوار کو تو سب جانتے اور پہچانتے ہیں لیکن ان کے حصول کی تگ و دو اور کوششوں میں اکثر لوگ بھول جاتے ہیں تو صرف اُس پیداواری صلاحیت کی حفاظت اور بقا کو جہاں سے کہ ہمیں انڈے مل رہے ہوتے ہیں یا آئندہ ملنے کا امکان ہوتا ہے۔ یاد رکھیں ان دونوں میں توازن رکھنے کیلئے جو چیز سب سے ضروری ہے وہ ہے بطخ یعنی پیداواری صلاحیت کے اجزائے ترکیبی کا فہم و ادراک۔

محترم قریشی محمد افضل صاحب

آپ 2/ اگست 1914ء کو پیدا ہوئے۔ 1934ء میں مولوی فاضل پاس کیا اور قادیان میں افضل برادرز (حال گولبازار ربوہ) کے نام سے اپنے بھائی کے ساتھ دوکان شروع کی۔ 1945ء میں وقف کیا اور نائیجیریا بھجوائے گئے۔ آپ کو مختلف اوقات میں نائیجیریا، غانا، سیرالیون، آئیوری کوسٹ اور ماریشس میں بطور مربی اور مشنری انچارج رہ کر خدمت کی توفیق ملی۔ بیرون ممالک آپ کا عرصہ خدمت 28 سال ہے اور یہ سارا عرصہ فیملی کے بغیر باہر مقیم رہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے مقام نعیم پر فائز مربیان میں آپ کا بھی تذکرہ فرمایا۔ اور ''بیا مبشر'' کے نام سے یاد فرمایا۔ آپ 1990ء میں ریٹائر ہوئے۔ 1951ء میں 38 دن تک ارض حجاز میں اسیر رہے۔ ربوہ میں ایک مقدمہ 298-C کا بھی قائم ہوا۔ 21 دسمبر 2002ء کو 88 سال کی عمر میں وفات پائی۔

بطخ اور سونے کے انڈے

پیداواری صلاحیت اور نتائج کے درمیان توازن قائم رکھیں

مکرم مقصود احمد علوی صاحب

ایک قصہ شاید ساری دنیا میں ہی مشہور ہے کہ ایک دن کسی غریب کسان کو اپنی بطخ کے ڈربے سے سنہری انڈہ ملا۔ کسان انڈے کو دیکھ کر بڑا حیران ہوا اور اُسے خیال گزرا کہ ممکن ہے یہ سونے کا ہو۔ جب اُس نے اسے سنار کو دکھایا تو اُس کی خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی کیونکہ انڈہ واقعتاً خالص سونے کا تھا۔ دوسرے دن صبح سویرے اُس نے بطخ کے ڈربے کو دوبارہ دیکھا تو اُس میں پھر اُسی طرح کا ایک انڈہ موجود تھا۔ پھر تو وہ روزانہ صبح اُٹھتے ہی ڈربے کی طرف بھاگتا اور وہاں اُسے سونے کا انڈہ مل جاتا۔ دیکھتے ہی دیکھتے وہ کسان علاقے کا امیر ترین آدمی بن گیا۔ اُس کی بطخ نے روزانہ سونے کا انڈہ دینا شروع کر دیا تھا۔

دولت جب بڑھتی ہے تو حرص اور زیادہ بھڑک اٹھتی ہے۔ وہ آدمی حرص اور لالچ کے مارے بے صبرا ہو گیا اور اُس کیلئے انڈے کے انتظار میں ایک دن گزارنا بھی مشکل ہو گیا۔ وہ بہت سے انڈے ایک ہی دفعہ حاصل کرنا چاہتا تھا۔ اُس نے سوچا کیوں نہ بطخ کو ذبح کر کے اُس کے اندر سے تمام انڈے ایک ہی دفعہ نکال لئے جائیں۔ چنانچہ اُس نے بطخ کو ذبح کر ڈالا لیکن اُس کے اندر سے ایک انڈہ بھی برآمد نہ ہوا اور اس کے ساتھ ہی آئندہ ہمیشہ کیلئے مزید انڈے ملنے کا ذریعہ بھی ختم ہو گیا۔

بچوں کو یہ کہانی سنا کر بالعموم یہ نتیجہ نکالا جاتا ہے کہ لالچ بری بلا ہے۔ یہ نتیجہ بھی اپنی جگہ درست ہے لیکن جناب سٹیفن آر۔ کووے نے اپنی مشہور کتاب Seven Habits of Highly Effective People میں اس کہانی میں فطرت کے ایک اصول کی طرف توجہ مبذول کرا کے اس پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اس قصے میں پیداوار اور پیداواری صلاحیت کا اصول سمجھایا گیا ہے۔ انڈوں کو وہ پیداوار قرار دیتے ہیں اور بطخ کو پیداواری صلاحیت۔ اصول یہ ہے کہ ان دونوں میں توازن ہونا چاہئے۔ انڈے بھی حاصل کریں اور جس ذریعہ سے انڈے پیدا ہو رہے ہیں اُس کی حفاظت کا بھی خیال رکھیں۔ جونہی انسان کا جھکاؤ کسی ایک طرف کو زیادہ ہو گا وہیں دوسری طرف نقصان ہو جائے گا۔

مثال کے طور پر اگر صرف پھل، پیداوار یا بہتر نتائج پر ہی توجہ مرکوز رکھی گئی اور جہاں سے پیداوار ہو رہی ہے اُس طرف دھیان نہ کیا تو ایک دن آئے گا کہ پیداوار کا سرچشمہ متاثر ہو کر پیداوار ہی بند ہو جائے گی۔ اسی طرح اگر ساری توجہ پیداواری صلاحیت پر ہی مرکوز رہی اور پھل کو نہ سنبھالا گیا تو بھی کچھ ہی عرصہ میں پونجی ختم ہو جائے گی اور پھر خود پیداواری صلاحیت کی بقا ہی خطرہ میں پڑ جائے گی بلکہ ختم ہو جائے گی۔ بیوقوف کسان نے یہی تو کیا تھا کہ پیداوار یعنی انڈوں کے پیچھے پڑ گیا اور جہاں سے انڈے آ رہے تھے اُس کی حفاظت اور بقا کا نہ صرف خیال نہ کیا بلکہ اپنے ہاتھوں اُس ذریعے کو ہی ختم کر ڈالا اور اس طرح مزید پیداوار سے مستقلاً محروم ہو گیا۔

جناب کووے صاحب بڑی بڑی فرموں، اداروں اور تنظیموں بلکہ ملکوں کے سربراہان کو بہتر سے بہتر نتائج کے حصول اور ترقی کی شاہراہ پر آگے بڑھنے کیلئے رہنما اصول سکھانے اور عائلی زندگی کے مسائل کے حل اور بچوں کی تربیت کے میدان میں بڑا نام رکھتے ہیں۔ اُن کے بیان کردہ اصول فطرت کے عین مطابق ہونے کی وجہ سے کسی قوم اور مذہب سے نہیں ٹکراتے۔ حضرت رسول کریم ﷺ کی حدیث ہے۔

کہ حکمت اور دانائی کی بات مومن کا گمشدہ سرمایہ ہے جہاں کہیں وہ اس کو پاتا ہے وہ اس کو اپنانے اور قبول کرنے کیلئے تیار ہوتا ہے۔''

(ابن ماجہ ابواب الزھد باب الحکمۃ)

پس اس فرمانِ رسول ﷺ کی روشنی میں خاکسار نے اس مضمون میں جناب کووے صاحب کے کسان کے قصہ سے اخذ کردہ اصولِ فطرت کے مرکزی خیال کو اپنے حالات کے مطابق اور اپنے انداز میں بیان کرنے کی کوشش کی ہے۔ بلاشبہ یہ ایک وسیع مضمون ہے جو زندگی کے ہر شعبے پر حاوی ہے۔ اس مضمون میں قدرت کے اس اصول کو مختلف شعبہ ہائے زندگی کے بعض پہلوؤں پر چسپاں کرتے ہوئے سادہ اور عام فہم انداز بحث کی گئی ہے۔

پیداوار اور پیداواری صلاحیت

ہم سائیکل، کار، ٹریکٹر یا کوئی بھی مشین خریدتے ہیں اور اُس سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ بعض مشینیں ایسی بھی خریدی جاتی ہیں جو ہماری فیکٹریوں میں نصب ہوتی ہیں اور اُن کی مدد سے ہم پیداوار حاصل کرتے ہیں اور وہ ہماری روزی کا ذریعہ ہوتی ہیں۔ یوں سمجھ لیں کہ یہ سارے اثاثے بطخ ہیں اور جو فوائد ہم ان سے حاصل کرتے ہیں وہ سونے کے انڈے۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہم اپنی سائیکل، کار یا مشینوں سے مستقلاً فوائد حاصل کرتے رہیں تو لازم ہے کہ ہم ان کی حفاظت اور دیکھ بھال بھی کریں۔ بتائے گئے طریق کے مطابق وقت پر ان کی صفائی کریں، کسی پرزے کو تبدیل کرنا پڑے تو وقت پر کرائیں، جہاں ضرورت ہو پرزوں کو باقاعدگی سے تیل دیں اور جو اقدامات بھی ان کی دیرپا کارکردگی کیلئے ضروری ہیں ساتھ ساتھ کرتے رہیں۔ دوسری طرف پیداوار کی طرف بھی توجہ ضروری ہے۔ مثال کے طور پر اگر کسی کسان نے مثلاً ایک ٹریکٹر تو خرید رکھا ہے اور وہ اُس کی جھاڑ پھونک اور صفائی کرنے میں ہی لگا رہتا ہے لیکن اُسے پوری طرح استعمال نہیں کرتا تو وہ کبھی بھی مناسب پیداوار حاصل نہیں کر سکتا۔

مادی اشیاء کے حوالے سے فطرت کے اس اصول کو سمجھنا چنداں مشکل نہیں کیونکہ اس پر عمل نہ کرنے کے نتائج فوراً ظاہر ہوتے ہیں۔ کار میں نقص پڑ جائے تو فوراً مرمت کرائی جاتی ہے کیونکہ اس کے بغیر سفر کرنا ممکن نہیں رہتا اور فیکٹری کی مشین رک جائے تو فوراً مکینک کو بلایا جاتا ہے کیونکہ پیداوار متاثر ہوتی ہے۔ لیکن اس کا دوسرا اور زیادہ اہم پہلو پیداواری صلاحیت اور اس کے اثرات کا فہم و ادراک ہے جس سے بہت سے لوگ نابلد محض ہوتے ہیں۔ اکثر لوگوں کو بالعموم انڈوں سے ہی غرض ہوتی ہے اور انہیں یہ معلوم نہیں ہوتا کہ کن مراحل سے گزر کر انڈہ ہم تک پہنچتا ہے۔ بطخ کے پیٹ میں اس کی تکمیل میں کن اعضاء کا کیا دخل ہوتا ہے۔ اب بظاہر تو انڈے کی پیداواری صلاحیت بطخ ہے لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ انڈہ ہم تک پہنچنے تک بہت سے اعضاء اور مراحل کارفرما ہوتے ہیں اور وہ سب پیداواری صلاحیت کا ہی حصہ ہوتے ہیں۔

مشاہدہ گواہ ہے کہ لوگ فیکٹری کی خراب مشین تو فوراً مرمت کراتے ہیں لیکن نہیں جانتے کہ کاروبار کی کامیابی اور اس کے مستقلاً فوائد کے حصول کیلئے راست بازی، ایمانداری، ایفائے عہد، گاہک سے حسن سلوک، خالص اشیاء کی پیداوار، معاملات میں قولِ سدید وغیرہ، کہیں زیادہ ضروری ہیں۔ کتنی حیرت کی بات ہے کہ لوگ فیکٹری کی مشین کو تو پیداواری صلاحیت سمجھتے ہیں لیکن ان اخلاق کو اس میں شامل نہیں کرتے حالانکہ ان کی طرف توجہ نہ کرنے کی وجہ سے ہماری پیداوار بدرجۂ اولیٰ متاثر ہو سکتی ہے۔ پس یہ سارے امور مل کر ''پیداواری صلاحیت'' مکمل ہوتی ہے۔ بالفاظِ دیگر یہی بطخ ہے جس کی حفاظت اور دیکھ بھال کے نتیجے میں مستقل پیداوار کی توقع کی جا سکتی ہے۔

کاروبار اور اوقاتِ کار

ایک شخص ہوٹل خریدتا ہے جو پہلے سے چل رہا ہے اور ایک معقول آمد پیدا کر رہا ہے۔ اس نئے مالک کو خیال آتا ہے کہ کیوں نہ آمد کو بڑھایا جائے۔ اس مقصد کیلئے وہ دو ملازم کم کر دیتا ہے اور کھانا پکانے پر اٹھنے والے اخراجات میں بھی کچھ کمی کر دیتا ہے۔ اس کے نتیجے میں چونکہ اس کا خرچ کم ہو جاتا ہے اس لئے لازماً آمد بڑھ جاتی ہے۔ مالک بڑا خوش ہوتا ہے۔ ابھی اس خوشی پر دو مہینے ہی گزرتے ہیں کہ اُس کے گاہک ٹوٹنے لگتے ہیں اور پھر کچھ ہی عرصہ میں اُس کی آمد آدھی سے بھی کم ہو جاتی ہے اور پھر ایک وقت آتا ہے کہ اسے ہوٹل بند کرنا پڑتا ہے۔ ایسا کیوں ہوا؟ جواب بڑا آسان ہے۔ گاہکوں کو ملازم کم ہونے کی وجہ سے درست سروس نہ ملی جو پہلے ملا کرتی تھی اور کھانے کا مزا بھی پہلا سا نہ رہا۔ اِس مالک نے اُس بیوقوف کسان والا کام کیا۔ بطخ جس سے انڈے مل رہے تھے اُس کی صحت کا خیال نہ کیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بطخ بیمار پڑ گئی۔

ہم کوئی کاروبار کر رہے ہیں یا نوکری یا پھر رضا کارانہ کوئی خدمت یعنی زندگی کے کسی بھی شعبہ میں مصروفِ عمل ہیں، پیداوار اور پیداواری صلاحیت میں توازن کا اصول ہر جگہ کارفرما ہے۔ کمپنی، ہوٹل، فیکٹری، ادارے، تنظیم میں ہماری محنت اور کارکردگی کے نتیجے یعنی ہماری ترقی، نیک نامی، شہرت، مالی منفعت میں اضافہ سب سونے کے انڈے ہیں۔ دوسری طرف ہماری طاقتیں، صلاحیتیں، صحت، گھریلو زندگی، بیوی، بچے ہماری پیداواری صلاحیت یعنی بطخ ہیں۔ اب اگر ہماری ساری توجہ صرف انڈوں کے حصول کی طرف ہو گئی اور ہم نے دن رات ایک کر کے اپنے ادارے، کمپنی، تنظیم کی ترقی، مالک کی خوشنودی، مال و دولت کے حصول کو ہی اپنا مطمح نظر بنا لیا تو اس کا کیا نتیجہ نکلے گا؟ ہماری صحت خراب ہو سکتی ہے۔ بیوی کے حقوق غصب ہو سکتے ہیں اور وہ ناراض ہو کر کوئی بھی منفی قدم اٹھا سکتی ہے۔ بچوں کو وقت نہ ملنے کی وجہ سے اُن کی تعلیم و تربیت متاثر ہو سکتی ہے اور وہ آوارگی کا شکار ہو سکتے ہیں، وغیرہ وغیرہ۔ یعنی ہماری بطخ کے بیمار ہونے کے بڑے ہی واضح امکانات موجود ہیں۔ اب ظاہر ہے جب بطخ بیمار ہو گی تو مزید پیداوار ضرور متاثر ہو گی۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ اکثر کا مسئلہ ہی یہ ہے کہ وہ پیداواری صلاحیت کا ہی ادراک نہیں رکھتے۔ وہ بیوی بچوں اور گھریلو زندگی کو پیداواری صلاحیت نہیں سمجھتے حالانکہ یہ اس کے نہایت ہی اہم اجزائے ترکیبی ہیں۔

میاں بیوی

اگر تو میاں بیوی کا مطمح نظر صرف ایک دوسرے سے تسکین اور دیگر فوائد کا حصول ہو اور میاں صرف یہ چاہے کہ بیوی اُس کیلئے بچے پیدا کرنے والی مشین کا کام دے، اُس کیلئے کھانا پکائے، کپڑے دھوئے، استری کرے، اُس کی مطیع اور فرمانبردار ہو اور بس اُس کی خدمت میں لگی رہے اور بیوی کی نظر میاں کی آمدنی پر ہو، بہتر سے بہتر سہولیات، ملبوسات، زیورات کی فراہمی وغیرہ کا مطالبہ کرتی رہے تو ظاہر ہے یہ سب انڈے ہیں جن کے وہ دونوں پیچھے پڑے ہوئے ہیں۔ ایسے میاں بیوی صرف اپنے اپنے حقوق کے

حصول کیلئے تگ و دو میں لگے رہتے ہیں اور ایک دوسرے پر برتری اور کنٹرول کے راستے اور ہتھکنڈے استعمال کرتے ہیں۔ پھر جب بھی اُن میں سے کوئی مطلوبہ مطالبات یا خواہشات پوری نہ کرے یا نہ کر سکے تو فساد ہوتا ہے۔ اِس صورتِ حال کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ پیداواری صلاحیت یعنی میاں بیوی کا ازدواجی بندھن متاثر ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

اس تعلق کی مضبوطی کا دارومدار تو اس بات پر ہے کہ تسکین اور ظاہری فوائد کے مستقل حصول کیلئے دونوں ایک دوسرے کے جذبات، احساسات کا خیال رکھیں۔ آپس میں محبت کے جذبات کو پروان چڑھانے کیلئے ایک دوسرے کے دکھ درد اور خوشی غمی میں برابر کے شریک ہوں۔ دل میں کشش ہو، تڑپ ہو اور خوشیوں کی خاطر ایک دوسرے پر چھوٹی چھوٹی مہربانیاں کرتے رہیں۔ غلطیوں پر گرفت کرنے کیلئے ثبوتوں کی تلاش کی بجائے معاف کرنے اور معذرتیں کرنے کا رویہ اپنائیں۔ مثال کے طور پر بیوی کی طبیعت خراب ہے اور وہ سارا دن گھر کے کام کاج کی وجہ سے نڈھال ہو چکی ہے۔ خاوند اپنی نوکری یا کام سے گھر آتا ہے اور بیوی کی حالت دیکھتا ہے۔ اب دو قسم کے ردِّعمل ہو سکتے ہیں۔

ایک یہ کہ وہ سوچے کہ مَیں اس سے کہیں زیادہ مشقت کا کام کر کے تھکا ماندہ گھر آیا ہوں اور اس نے آگے یہ شکل بنا رکھی ہے۔ ان عورتوں کا کام ہی کیا ہوتا ہے گھر میں۔ سارا دن ٹی وی دیکھتی رہتی ہیں۔ کھانا پکانا اور گھر کی جھاڑ پھونک بھی بھلا کوئی کام ہے۔ جب بھی گھر میں آؤ یہ بیمار شکل کے ساتھ استقبال کرتی ہیں، وغیرہ وغیرہ۔ ان خیالات سے پُر دماغ کے ساتھ بیوی کو کہتا ہے کہ کیا پکا ہے، لاؤ کھانا اور کھانا کھا کر relax ہونے کیلئے صوفے پر براجماں ہو کر ٹی وی کا بٹن دبا دیتا ہے یا کوئی اخبار رسالہ پڑھنا شروع کر دیتا ہے۔ اب ایسے خاوند کے دل میں بیوی کیلئے ہمدردی کے جذبات بھلا کیسے پیدا ہو سکتے ہیں اور بیوی کے دل میں اُس کیلئے کہاں سے محبت پیدا ہو گی۔ ایک وقت آئے گا کہ بیوی بھی اُس کیلئے پریشان ہونا چھوڑ دے گی۔ ایسے ہی ردعمل جب معمول بن جائیں تو ازدواجی بندھن اور ہم سفری کا تعلق کمزور ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ بطخ بیمار پڑنے لگتی ہے جو کسی بھی وقت مَر سکتی ہے۔

دوسرا ردعمل یہ ہے کہ باہر سے آنے والا خاوند کام میں مصروف بیوی پر نظر پڑتے ہی بیتاب ہو کر اُسے پوچھتا ہے کہ کیا بات ہے آپ کی طبیعت ٹھیک نہیں لگ رہی۔ اصرار کے ساتھ اُسے پاس بٹھا کر اُس سے دریافت کرتا اور ہمدردی کا اظہار کرتا ہے۔ اُس کیلئے دوائی کا پوچھتا ہے اور کہتا ہے کہ آپ آرام کریں۔ وہ کھانا وغیرہ بھول جاتا ہے اور بیوی کی تکلیف سے بیقرار ہو کر اُسے آرام پہنچانے میں لگ جاتا ہے۔ اب آپ ہی بتائیں کہ کون سی بیوی ہے جو ایسے خاوند کیلئے اپنا سب کچھ نثار کرنے کیلئے تیار نہ ہو گی۔ بالکل اسی طرح خاوند کیلئے بیوی کا ردعمل بھی مثبت اور منفی اثرات پیدا کرنے والا ہو سکتا ہے۔ جتنا کوئی بیوی اپنے خاوند کے جذبات و احساسات، اُس کی تکلیف اور پریشانی میں اُس سے ہمدردی کا اظہار کرے گی، اُس کیلئے بیقرار ہو گی اور اُس کی خاطر خود تکلیف میں پڑے گی اُتنا ہی ازدواجی بندھن کی مضبوطی کا باعث ہو گی۔ یاد رکھیں میاں بیوی کے معاملات میں پیداواری صلاحیت یعنی بطخ ''ازدواجی بندھن'' ہے اور اس کی صحت اور بقا کیلئے یہ سب امور ضروری ہیں۔ تجربہ شرط ہے۔

تربیتِ اولاد

اس حوالہ سے بچوں کی تعلیم تربیت، اُن کے اخلاق، کردار، صلاحیتوں، رشتوں کی مضبوطی کا احساس اور احترام وغیرہ کو ہم بطخ قرار دے سکتے ہیں اور اُن سے اپنی مرضی اور خواہش کے مطابق کام کروانے، اُن کے رویوں، ردعمل، معاشرے اور سکول وغیرہ میں کارکردگی کو انڈے۔ اب ہوتا یہ ہے کہ چھوٹی عمر میں بجائے اس کے کہ اُن کی تربیت اور تعمیر کردار وغیرہ امور اور اُن کی صلاحیتوں کو جلا دینے اور نکھارنے پر توجہ مرکوز رکھی جائے، بالعموم بچوں سے زبردستی، ڈرا دھمکا کر، دھونس اور سخت رویہ استعمال کر کے اپنی مرضی اور خواہش کے مطابق کام کروائے جاتے ہیں۔ اُنہیں بات سمجھائی ہی نہیں جاتی اور اُن کا نقطۂ نظر سنا ہی نہیں جاتا۔ کیوں؟ اس لئے کہ والدین بچوں سے عمر میں بڑے ہوتے ہیں۔ علم بھی زیادہ رکھتے ہیں اور تجربہ بھی۔ جسمانی طاقت بھی زیادہ ہوتی ہیں اور عقلمند بھی وہ بچوں سے زیادہ ہوتے ہیں۔ چنانچہ اس فوقیت اور برتری کی وجہ سے وہ چاہتے ہیں کہ بچے صرف اُسی طرح اپنا ردِّعمل ظاہر کریں جس طرح وہ یعنی والدین چاہتے ہیں اور وہ ہر حال اور ہر صورت میں بچوں سے صرف اپنی مرضی اور خواہش کے مطابق کام کروانا چاہتے ہیں جس کیلئے اگر ضرورت پڑے تو اُن پر چیخنے اور جسمانی سزا دینے کا ''حق'' بھی رکھتے ہیں۔

مجھے خوب یاد ہے میرا بڑا بیٹا مودود جب پانچ ساڑھے پانچ سال کا تھا تو مَیں اُسے قاعدہ یسرنا القرآن پڑھاتا تھا۔ ایک دن کسی لفظ پر وہ اَڑ گیا جو اُس سے ادا نہیں ہو رہا تھا۔ مَیں نے بڑی کوشش کی لیکن وہ درست تلفظ سے ادا نہ کر سکا۔ اِس پر مجھے غصّہ آ گیا اور مَیں ذرا تلخ ہو گیا اور اُونچی آواز سے کہا کہ مَیں اتنی دیر سے سمجھا رہا ہوں تم کیوں ٹھیک سے نہیں پڑھ رہے۔ اِس پر بھی وہ درست ادائیگی نہ کر سکا۔ ادھر مَیں بھی اُس سے ٹھیک پڑھوانے پر تلا ہوا تھا۔ چنانچہ مَیں نے جب زیادہ ہی زور دیا تو وہ رو پڑا اور روتے ہوئے مجھے کہا: ''ابّو آپ تو بڑے ہیں اس لئے پڑھ لیتے ہیں، مَیں تو چھوٹا ہوں۔'' اُس کا یہ فقرہ بولنا تھا کہ مَیں سنّاٹے میں آ گیا اور اُس کا منہ دیکھنے لگا۔ مَیں نے فوراً ہتھیار ڈال دیے اور اُسے پیار کیا۔ یہ ایک سبق تھا جو پانچ سال کے بچے نے مجھے دیا اور مجھے آج تک یاد ہے۔ سوچتا ہوں یہ کیسی جہالت تھی جس کا مجھ سے اُس وقت اظہار ہوا۔

بچوں کی بعض نہایت اعلیٰ درجہ کی صلاحیتوں کا چھوٹی عمر میں اظہار بالکل مختلف طریق سے ہوتا ہے۔ بعض والدین اپنی کم فہمی سے اُسے ایک منفی پہلو خیال کر لیتے ہیں حالانکہ وہ ایک مخصوص صلاحیت کا بالکل ابتدائی اظہار ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر جو بچے چھوٹی عمر میں شرارتی ہوتے ہیں بالعموم ذہین ہوتے ہیں۔ اب بچپن میں اُنہوں نے فزکس یا ریاضی کا کوئی بڑا مسئلہ تو حل نہیں کرنا ہوتا۔ اُن کی ذہانت کا ابتدائی اظہار شرارتوں کی شکل میں ہوتا ہے۔ وہ کچھ نہ کچھ اُلٹا سیدھا کرتے رہتے ہیں۔ بعض اوقات کم عمری اور ناتجربہ کاری کی وجہ سے نقصان بھی اٹھاتے ہیں۔ بعض والدین کی مشکل یہ ہوتی ہے کہ وہ بالعموم اُن شرارتوں کو بچوں کی بداخلاقی اور بدتمیزی وغیرہ قرار دے کر اُن پر سختی کرتے ہیں اور اُن سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ چالیس پچاس سال کی عمر کے سنجیدہ لوگوں کی طرح نماز روزہ کیا کریں اور اخلاقِ فاضلہ کا اظہار کریں۔ اس غیر فطری اور غیر منطقی خواہش کی تکمیل کیلئے بعض والدین بچوں پر ناجائز طور پر سختی بھی کرتے ہیں حالانکہ دین فطرت کے سب احکامات بھی عمر، صحت اور حالات کے مطابق ہی لاگو ہوتے ہیں۔

بعض بچے اپنے ہاتھ سے خود کام کرنا چاہتے ہیں۔ مَیں ایک سات سالہ بچے کو جانتا ہوں جو اکثر اپنے کام خود اپنے ہاتھ سے کرنا پسند کرتا ہے اور کسی سے مدد لینا نہیں چاہتا۔ مثلاً سکول سے جو گھر کا کام ملتا ہے خود ہی کرتا ہے چاہے غلط ہی کرے۔ والدین یا بڑے بہن بھائی اگر مدد کو آئیں تو بُرا مناتا ہے اور کہتا ہے مجھے خود کرنے دیں اور یہ کہ جس طرح مَیں چاہتا ہوں اُس طرح کروں گا۔ بچہ بڑا ذہین ہے اور بڑے فکر سے وقت پر روزانہ گھر کا کام مکمل کر کے پھر کوئی اور کام کرتا ہے۔ اب اِس صورتِ حال پر جب گفتگو ہوئی تو ہم آخر اِس نتیجہ پر پہنچے کہ جس طرح شرارتیں بچوں کی ذہانت کا ایک ابتدائی اظہار ہے بالکل اسی طرح ممکن ہے یہ خود اعتمادی، مضبوط قوتِ ارادی اور قائدانہ صلاحیت کا ابتدائی اظہار ہو۔ اس لئے والدین کو حد سے زیادہ اس پر زور دے کر غصہ دکھانے کی ضرورت نہیں۔ بچہ اگر کوئی لفظ غلط لکھتا ہے تو اُسے اُسی طرح ٹیڑھا میڑھا لکھنے دیں۔ وہ ابھی چھوٹا ہے اور لکھنا سیکھنے کے ابتدائی مراحل طے کر رہا ہے۔ سکول میں استاد بھی گھر کا کام دیکھتا ہے۔ اُسے بچے کی غلطی کا علم ہونا ضروری ہے۔ اس لئے فکر کی ضرورت نہیں اور زور دے کر اپنی مرضی، خواہش اور اپنے معیار کے مطابق بچے سے لفظ کو درست کروانا اُس کی خود اعتمادی کو کچلنے کے مترادف ہو گا۔ وہ خود ہی آہستہ آہستہ سیکھ جائے گا۔

بعض والدین تربیت کے نام پر ہر وقت ہی بچوں کو ٹوکتے رہتے ہیں۔ اُنہیں کوئی کام بھی اپنی مرضی سے کرنے نہیں دیتے اور قدم قدم پر ہدایات جاری کر کے اپنی سوچ اور انداز کے مطابق چلانا چاہتے ہیں جبکہ بعض دوسرے آزادیٔ فکر وعمل کی ابتدائی تربیت کے نام پر اُنہیں وہ سب کچھ کرنے دیتے ہیں جو وہ کرنا چاہتے ہیں۔ اس طرح بعض ایسے بھی ہوتے ہیں جو بچوں کی تعلیم و تربیت کی طرف توجہ دینے کی بجائے کچھ بچوں کی خوشنودی اور کچھ اپنے نام نمود کی خاطر اُنہیں قیمتی لباس پہنانے اور مہنگی مہنگی اشیاء خرید کر دینے میں ہی اپنا سارا زور صرف کر دیتے ہیں۔

اگر ہم غور کریں تو یہ سب صرف انڈے ہیں جو ایسے والدین حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اُنہیں نادانستہ طور پر اپنی فکر ہوتی ہے نا کہ بچوں کی۔ کبھی تو وہ اپنی بڑی عمر، زیادہ علم، عقل اور تجربے وغیرہ کی بنیاد پر ناصحین بن کر اپنے احکامات کی تنفیذ کا انڈہ حاصل کرنا چاہتے ہیں اور کبھی ہر دلعزیزی کا۔ اسی طرح اچھا کمانے والے اپنا سارا زور بچوں کو اچھا لباس پہنا کر اور قیمتی کھلونے دے کر اپنی امارت، بڑائی اور فخر و مباحات کی تسکین کے انڈوں کے حصول پر صرف کر دیتے ہیں۔ اچھا کمانے والوں میں سے کم ایسے ہوتے ہیں جو اپنے اموال کو بچوں کی تعلیم و تربیت پر بھی خرچ کرنے کی فکر کریں۔

ان تمام صورتوں میں بچوں کی پیداواری صلاحیت یعنی بطخ پر کیا بیتتی ہے اُنہیں خبر تک نہیں ہوتی۔ بچوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور اُن کے اخلاق و کردار کی تعمیر کے حوالے سے وہ جانتے تک نہیں کہ اُن کے اندازِ فکر و عمل سے اُن پر کیا اثرات مترتب ہو رہے ہوتے ہیں۔ گویا ایسے والدین خود اپنے ہاتھوں اپنے بچوں کی پیداواری صلاحیت کو گلا گھونٹ رہے ہوتے ہیں۔ ایسے بچے بڑے ہو کر یا تو خودسر ہو جاتے ہیں یا خود اعتمادی اور مضبوط قوتِ ارادی کے فقدان کے ساتھ معاشرہ کے رحم و کرم پر زندگی گزارنے پر مجبور ہوتے ہیں۔

